آج طلاق کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے، جس کی حوصلہ شکنی کے لئے اس قسم کی کتب کو عوام تک پہنچانا چاہئے، یہ اچھی اصلاحی کوشش ہے۔

مجلہ کا نام : ششماہی مجلہ الایضاح تیئسواں شمارہ ۲۰۱۱ء

چیف ایڈیٹر : پروفیسر ڈاکٹر دوست محمد خان

ناشر : شیخ زاید اسلامک پشاور یونیورسٹی

قیمت وصفحات : ۳۰۰روپے، صفحات ۲۸۰

ڈاکٹر دوست محمد صاحب ڈائریکٹر شیخ زاید سینٹر پشاور یونیورسٹی ہیں، کلمۂ حق کہنے والے علم دوست، بے باک شخصیت ہیں، عہد حاضر میں نظریاتی مسائل پر عمدہ بحث کرتے ہیں اور عمدہ خطاب کرتے ہیں، طویل عرصہ سے یہ مجلہ آپ کی زیر نگرانی نکل رہا ہے، مذکورہ مجلہ میں درج ذیل عنوانات پر اردو عربی انگریزی میں مقالات ہیں۔

۱۔ اسلام میں تصور حق کی فکری اساس اور حق کی اقسام واحکام، پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی صاحب علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا ہے۔ حقوق کی تعریف اور بنیادی اقسام پر جامع بحث کی گئی ہے۔

۲۔ اسلام میں تصور امتحانات کا جائزہ: ڈاکٹر ریحانہ قریشی اور پروفیسر ڈاکٹر مہر محمد سید اختر نے امتحانات لینے اور امتحانات کے طریقہ کار سے ارتقائی انداز میں بحث کی گئی ہے، اسی طرح امتحانات کے بعد سندات کا اجراء کس طرح عمل میں آیا، اس سے بحث کی گئی ہے۔

۳۔ مسلمان تاجر خواتین کا تبلیغی کردار اور ان کی ذمہ داریاں راقم (پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی) کا مقالہ ہے، میرے نام کے ساتھ لیکچر لکھا گیا ہے۔ معلوم نہیں یہ کس کی ناقص معلومات ہیں، میں ۲۰۰۴ء سے ایسوسی ایٹ پروفیسر ہوں، ۲۰۰۶ء سے پرنسپل بھی ہوں، اس وقت الحمد للہ فل فلیگ پروفیسر ہوں مقالہ میں خواتین کا تبلیغی و معاشی رول عہد نبوی ﷺ کے تناظر میں پیش کیا گیا ہے۔

۴۔ وزیرستان معاشرہ اور تحکیم پر مبنی وزیری رسم و رواج ایک تحقیقی جائزہ تاج محمد، اسلام نے ثالث کے ذریعہ اختلافات حل کرنے کا حکم دیا ہے، وزیرستان میں یہی عمل رائج

ہے۔ مقالہ میں اسی حوالہ سے بحث کی گئی ہے۔

۵۔ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء اور مسیحیوں کا کردار ڈاکٹر غلام علی خان کا ہے، اس جنگ آزادی کو سر سید احمد خان و دیگر افراد غداری قرار دیکر غدر لکھتے ہیں، پروفیسر ڈاکٹر ایوب قادری مرحوم نے اس پر اپنی تصنیف کے ذریعہ حق ادا کر دیا ہے، اس مقالہ میں بھی مسلمانوں کے ساتھ ہونے والے ظلم و جبر کو عمدہ انداز میں نمایاں کیا گیا ہے۔

چھ مقالات عربی و انگریزی میں بھی شامل ہیں۔

۱۔ الاستحسان الاصولی حقیقته و حجیته ڈاکٹر عبدالرحمن نے اصول فقہ کے حوالہ استحسان سے بحث کی ہے، مقالہ میں استحسان کی لغوی و اصطلاحی تعریف اس کی حجیت اور عہد حاضر میں تطبیق سے بحث کی گئی ہے۔ اس موضوع پر جامع پی ایچ ڈی مقالہ پروفیسر ڈاکٹر سعید صاحب بہاء الدین زکریا یونیورسٹی تحریر کر چکے ہیں۔

۳۔ علاقة الاسلام لاغرب فی رأی المستشرق ڈاکٹر اکرم الحق یسین کا مقالہ۔

۴۔ مقاصد الأحكام و دورها فی فهم النصوص الشرعية ڈاکٹر عطاء اللہ فیضی کا مقالہ ہے۔

۵۔ الوسطية فی الاسلام ڈاکٹر صاحب اسلام کا اعتدال پسندی پر جامع مقالہ ہے۔

1- House Financing of Islamic Banks Dr. Muhammad Mushtaq

2- Pronouncement of Tulaq in Pakistan.

3- Testimony, Firstsusce of Proof of Right or Crime, Dr. Rashid Ahmad.

کے انگلش مقالات ہیں۔ مجلہ میں پروف ریڈنگ کی اغلاط کے ساتھ بائنڈنگ کی غلطیاں بھی ہیں، ص ۷۳ تا ۸۰ ڈبل شائع ہوا ہے، جس کی اصلاح پر توجہ کی ضرورت ہے۔

مجلہ کا نام : ششماہی نصرت الاسلام گلگت ج/ ۲، ش/ ۵-۶ ۲۰۱۳ء

چیف ایڈیٹر : مولانا قاضی نثار احمد ایڈیٹر ابن شہزاد حقانی

ناشر : جامعہ نصرت الاسلام عیدگاہ روڈ گلگت بلتستان،